EXTRAORDINARY GAZETTE
RAMPUR STA E.

غیر معمولی گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۳۳ مطبوعہ روز پنجشنبہ تاریخ ۶ رمضان المبارک سنہ ۱۳۲۹ھ مطابق ۳۱ اگست سنہ ۱۹۱۱ع جلد ۲۳

نمبر شمار	فہرست مضامین	نمبر صفحہ
۱	اضافہ چند ملازمان فوج و سول	۱ و ۲

روبکار اجلاس ہز ہائینس جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم و ملکہم واقع ۳۱ اگست سنہ ۱۹۱۱ع

بتقریب سالگرہ ہمایون حسب ذیل احکام صادر کئے جاتے ہین

فوج - ۱ - کپتان سعید اسد خان - اے - ڈی - سی کی تنخواہ موجودہ مین پچاس روپیہ ماہوار اضافہ کیا گیا - اور میجر کا رینک عطا ہوا -

۲ - لفٹنٹ واجد علیخان سکنڈ ان کمانڈ سکنڈ بٹالین اسیسٹنٹ انفنٹری کی

تنخواہ مین بیس روپیہ ماہوار اضافہ عطا کیا گیا۔

۳ - حسب سفارش کرنل صاحب بہادر کمانڈنگ افواج - امپریل سروس لانسرز کے جمعدارون کے ابتک تین گریڈ پچپن و پچاس و پینتالیس کے ہین آیندہ صرف دو گریڈ پچپن و پچاس کے رہین گے پینتالیس کے گریڈ کے دونون موجودہ جمعدارونکو پچاس کے گریڈ مین ترقی دیجاتی ہے۔

سول - ا منشی گوپی ناتھ میر منشی اجلاس ہمایون کی تنخواہ موجودہ مین پچیس روپیہ ماہوار اضافہ کیا گیا۔

حسب سفارش صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

ا - منشی حشمت علیخان مہتمم بندوبست کا پچیس روپیہ ماہوار اضافہ کیا گیا۔

۲ - منشی ابراہیم علیخان تحصیلدار سوار کا دس روپیہ ماہوار اضافہ کیا گیا۔

۳ - منشی خورشید احمد نائب تحصیلدار ملک کا دس روپیہ ماہوار اضافہ کیا گیا۔

۴ - سید رضی علی پیشکار اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر کا دس روپیہ ماہوار اضافہ کیا گیا۔

۵ - مظفر علیخان پیشکار حاکم صاحب صدر کی تنخواہ مین پانچ روپیہ ماہوار اضافہ کیا گیا۔

۶ - منشی حامد علیخان محافظ دفتر صدر کی تنخواہ مین پانچ روپیہ ماہوار اضافہ کیا گیا۔

۷ - منشی شرف الدین خان کوتوال شہر مستقل کوتوال کئے گئے اور انکی تنخواہ مین بیس روپیہ ماہوار اضافہ کیا گیا انکو دس روپیہ ماہوار الاونس بھی ملیگا جو کوتوال سابق کو ملتا تھا۔

حسب سفارش صاحب ہوم سکرٹری بہادر۔

ا - صاحبزادہ قدر علیخان بہادر پرسنل اسسٹنٹ کا پچیس روپیہ ماہوار اضافہ کیا گیا

۲ - خواجہ رشید الدین ہاسپٹل اسسٹنٹ کا پانچ روپیہ ماہوار اضافہ کیا گیا

۳ - سید فرزند علی ناظر سکرٹریٹ کا پانچ روپیہ ماہوار اضافہ کیا گیا۔

حسب سفارش صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر۔

ا - وحید الدین احمد خان پیشکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر کی تنخواہ مین دس روپیہ ماہوار اضافہ کیا گیا۔

۲ - پوشاکی لال انگلش کلرک کا دس روپیہ ماہوار اضافہ کیا گیا۔

حسب سفارش صاحب پرائوٹ سکرٹری بہادر۔

ا - منشی مقبول احمد خان (توشہ خانہ) کی تنخواہ مین دس روپیہ ماہوار اضافہ کیا گیا

۲ - محمد حبیب الرحمن خان نائب افسر کارخانجات کا دس روپیہ ماہوار اضافہ کیا گیا۔

۳ - سید سجاد حسین منصرم عطر خانہ کی تنخواہ مین پانچ روپیہ ماہوار اضافہ کیا گیا۔

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہون۔ ایک نقل اس روبکار کی ذریعہ گزٹ غیر معمولی شائع کیجائے۔ فقط